F.6-4 (Edit)/2024 NCPUL Press Release

jk"Vªh; mnwZ Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:05/01/2024

ممبئی کا قومی اردو کتاب میلہ تاریخ ساز کامیابی سے ہم کنار ہوگا: پروفیسر دھننجے سنگھ

قومی اردو کونسل اور انجمن اسلام کی جانب سے مشترکہ پریس کانفرنس کا انعقاد

ممبئی: قومی اردو کونسل کے چھبیسویں اردو کتاب میلے کے حوالے سے آج ممبئی مراٹھی پتر کار سنگھ کے ہال میں کونسل اور انجمن اسلام کی جانب سے ایک مشترکہ پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس کانفرنس میں کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر دھننجے سنگھ کسی وجہ سے شریک نہ ہوسکے، البتہ انھوں نے اپنے پیغام میں کونسل کی طرف سے ممبئی کے تمام محبان اردو کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ اس تاریخی قومی کتاب میلے سے خوب مستفید ہوں گے۔ انھوں نے مقامی سطح پر میلے کے انعقاد میں تعاون کرنے والے مشہور تعلیمی وثقافتی ادارہ انجمن اسلام اور اس کے ذمے داران اور تمام معاونین کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کونسل کے میلہ انچارج اجمل سعید نے کونسل کے کتاب میلوں کی تاریخ اور موجودہ میلے کی غرض و غایت بیان کیا اور کہا کہ کونسل اب تک ملک کے مختلف شہروں میں پچیس کتاب میلے کرچکی ہے، جنھیں اوران میلوں کے ذریعے ہمیں نئی نسل کو کتابوں سے جوڑنے میں خاطر خواہ کامیابی ملی ہے، یہ میلہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا انعقاد ممبئی جیسے مشہور صنعتی، تجارتی، علمی وثقافتی شہر میں ہو رہا ہے اور ہمیں توقع ہے کہ یہ کتاب میلہ بھی غیر معمولی کامیابی سے ہم کنار ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ اس میلے کے انعقاد میں ممبئی کی نمایاں تعلیمی وثقافتی تنظیم انجمن اسلام کونسل کے ساتھ تعاون کر رہی ہے اور مسلسل نو دنوں تک ہونے والے ثقافتی پروگراموں کا انعقاد مختلف ادبی اداروں کے زیر اہتمام ہوگا۔ ہم انجمن اسلام سمیت تمام معاون اداروں کے شکرگزار ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ اس میلے میں کل 180 سے زائد اردو کتابوں کے پبلشرز اور کتب فروشوں کے سٹال لگائے گئے ہیں، جہاں ہر قسم کے موضوعات پر ایک لاکھ سے زائد کتابیں خصوصی رعایت پر دستیاب ہوں گی۔ اس موقعے پر انجمن اسلام کے صدر جناب ظہیر قاضی نے کہا کہ کونسل نے اس سے قبل 2012 میں صابوصدیق کالج میں اردو کتاب میلے کا انعقاد کیا تھا لیکن اس سال کا میلہ کئی معنوں میں مختلف ہے اور یہ وسیع پیمانے پر ہو رہا ہے، انھوں نے کہا کہ ممبئی اور گردونواح کے شہروں میں اس میلے کے تعلق سے جس غیر معمولی جوش وخروش کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ میلہ نہایت کامیاب رہے گا۔ انھوں نے ممبئی میں اس میلے کے انعقاد کے لیے کونسل اور حکومت ہند کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ اردو ہندوستان کی نہایت شیریں اور مقبول ترین زبان ہے جس کے بولنے اور سمجھنے والے ملک کے ہر خطے میں پائے جاتے ہیں اور اسی وجہ سے حکومت ہند کی جانب سے اس کے فروغ پر خاص توجہ دی جا رہی ہے، انھوں نے کہا کہ اردو کے مشترکہ کیرکٹر کو نمایاں کرنے کے لیے ہم نے اس میلے میں اردو کا ذوق وشوق رکھنے والے برادرانِ وطن کے لیے بھی ایک خاص پروگرام رکھا ہے تاکہ وہ اپنی ادبی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرسکیں۔

اس پریس کانفرنس میں انجمن کے نائب صدر ڈاکٹر شیخ عبداللہ، ڈاکٹر قاسم امام اور فاروق سید وغیرہ خاص طور پر موجود رہے۔

(رابطہ عامہ سیل)